SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

September 13, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کا غیر منافع بخش اداروں کے لئے اینٹی منی لانڈرنگ کے ریگولیٹری فریم ورک پر سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (ستمبر 13) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے غیر منافع بخش اداروں کو ایس ای سی پی کے منی لانڈرنگ کی اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے ریگولیٹری فریم ورک پر آگہی دینے کے لئے نیشنل کاونٹر ٹیرارزم اتھارٹی (نیکٹا) کے تعاون سے سیمینار منعقد کیا گیا۔ ایس ای سی پی نے حال ہی میں غیر منافع بخش اداروں کے لئے اینٹی منی لانڈرنگ اور کاونٹر فنانشل ٹیرارزم گائیڈ لائنز جاری کی ہیں جن میں ان داروں کو ان اقدامات سے متعلق رہنمائی فراہم کی گئی ہے جو منی لانڈرنگ کی اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے غیر منافع بخش اداروں (این پی اوز) کو قانون کے تحت اٹھانے ہیں۔

اس سیمینار کا مقصد غیر منافع بخش شعبے اور حکومتی اداروں کے مابین اس حوالے سے شراکت داروں اور تعاون کو فروغ دینا تھا۔ بین الاقوامی ادارے، فنانشل ایکشن ٹاسک فورس نے بھی حکومت اور غیر منافع بخش اداروں کے مابین باہمی تعاون اور مشترکہ کاوشوں کی سفارش کی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے حکام نے شرکاء کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت تشکیل دی گئی غیر منافع بخش اداروں پر لاگو ہونے والے انضباطی فریم ورک سے آگاہ کیا۔ انہوں نے غیر منافع بخش تنظیموں کے لئے منی لانڈرنگ / دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کی متعلق کئے گئے انضباطی اقدامات پر روشنی ڈالی۔ مزید برآں شرکاء کو بتایا گیا کہ گائیڈ لائنز کے اجراکے ذریعے ایس ای سی پی نے کوشش کی ہے کہ منی لانڈرنگ کے انسداد اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کو اس انداز میں کیسے یقینی بنانا ہے کہ غیر منافع بخش تنظیموں کا بنیادی کام متاثر نہ ہو۔

نیکٹا کے ماہرین نے شرکاء کو نیکٹا کی جانب سے ملک میں دہشت گردی کی مالی معاونت کے تدارک کے ضمن میں کئے گئے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے دیگر سٹیک ہولڈرز اور اتھارٹیز کے تعاون سے ایف اے ٹی ایف کی سفارش نمبر 8 پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لئے نیکٹا کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کی بھی وضاحت کی۔

سیمینار میں صحت، تعلیم، معاشرتی اصلاح کے شعبوں میں کام کرنے والے غیر منافع بخش اداروں، این جی اوز کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی اور دلچسپی کا اظہار کیا۔ غیر منافع بخش اداروں کی کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 42 کے تحت لائسنس کے طریقہ کار، ٹیکس چھوٹ حاصل کرنے کے لئے سرٹیفکیٹ کے حصول اور مختلف حکومتی اداروں سے سکیورٹی کلئرنس کے معاملات پر بھی بات ہوئی۔ ایس ای سی پی کے حکام نے حال ہی میں جاری کئے گئے اینٹی نی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے لئے جاری کئے گئے انضباطی فریم ورک پر بریفنگ دی اور شرکا سے اس حوالے سے آراء و تجاویز لیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

اس سلسلے میں مزید سیمینار دیگر شہروں میں بھی منعقد کئے جائیں گے تاکہ ملک بھر کے غیر منافع بخش شعبے میں کام کرنے والے اداروں کو فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کے سفارشات اور ایس ای سی پی کے ریگولیٹری فریم ورک سے آگہی فراہم کی جائے اور منی لانڈر نگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف موثر اقدامات کئے جاسکیں۔